(2)

11/03/08

جناب سیکرٹری الیکشن کمیشن آف پاکستان

گزارش ہے کہ موجودہ نئی حلقہ بندیوں کے مطابق ضلع پشین بلوچستان کو تین صوبائی حلقوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

پی بی 19 پشین 1 ۔ جو کہ تین تحصیل اور ایک سب تحصیل پر مشتمل ہے یعنی۔

1۔ برشور سب تحصیل 2۔ کاریزات تحصیل

3۔ بوستان تحصیل 4۔ ناناصاحب تحصیل

پی بی 20 پشین II۔ پشین تحصیل ماسوائے پٹوار سرکل بند خوشدل خان قانون گو حلقہ صدر پشین۔

پی بی 21 پشین III۔

1۔ حرمزئی تحصیل 2۔ سرانان تحصیل

3۔ پٹوار سرکل بند خوشدل خان قانون گو حلقہ صدر پشین

ان حلقہ بندیوں میں پشین ضلع میں آباد مختلف قبیلوں کے مفادات کا تحفظ کیا گیا ہے جیسا کہ پی بی 19 پشین 1 کا کڑ قبائل کے اکثریتی تحصیلوں کو یکجا کر کے بنایا گیا ہے لیکن بدقسمتی سے پی بی 20 پشین II اور اور پی بی 21 پشین III کو ایسے بنایا گیا ہے کہ سادات قبیلہ جو کہ ضلع پشین کا بڑا قبیلہ ہے کو سراسر نقصان ہو رہا ہے۔ سادات قبیلہ کسی بھی صورت موجودہ حلقہ بندیوں میں کوئی بھی حلقہ جیتنے کے پوزیشن میں نہیں ہوگا۔ کیونکہ موجودہ مردم شماری کے مطابق پی بی 21 پشین III میں تقریباً 80 ہزار ترین آبادی موجود ہے اور سید قبیلے کی آبادی تقریباً 1 لاکھ ہے اچکزئی قبیلہ تقریباً 35 ہزار ہیں اور کاکڑ قبیلہ تقریباً 30 ہزار ہے لیکن یہ تاثر دیا گیا ہے کہ یہ حلقہ سید قبیلے کیلئے مختص ہے جب کہ درحقیقت ایسا نہیں ہے۔ انتخابات میں ایسا نہیں ہوگا کیونکہ بعض سیاسی یا قبائل کے نام پر موجود گروہ ایسی حکمت عملی اپنائیں گے جس سے سید قبیلے کو سخت نقصان پہنچنے کا اندیشہ موجود ہے۔ میری استدعا ہے کہ یہ قبیلوں کا تاثر ختم ہونا چاہیئے پشین ضلع میں سید اور ترین قبیلے ایسے طرز پر آباد ہے کہ انکا الگ کرنا ممکن نہیں میری دوسری گزارش ہے

(3)

03/04/2018

کہ چونکہ ہم پٹوار سرکل بند خوشدل خان قانون گو حلقہ صدر پشین تحصیل پشین کا حصہ ہے ہمارا دارومدار ہمیشہ پشین پر رہا ہے ہمارے تمام سرکاری دفاتر، ہسپتال اور روزمرہ کا تعلق پشین کے ساتھ ہے تو پھر ہمیں پشین تحصیل سے الگ کیوں کیا جا رہا ہے ہمارا سرانان تحصیل اور خرم زئی تحصیل کے ساتھ کبھی کوئی واسطہ نہیں رہا اور دوسری بات پوری پشین ضلع میں کوئی بھی تحصیل نہیں توڑا گیا جب کہ ہمارا تحصیل، تحصیل پشین کو توڑ کر پٹوار سرکل بند خوشدل خان قانون گو حلقہ صدر پشین کو دوسرے تحصیلوں کے ساتھ ملا کر حلقہ بنانے کی کوئی معقول وجہ نہیں۔ اور یہ صرف اور صرف جیری منڈرل بیسز (Gerrymanderal Bases) پر ہوا ہے۔ جو کہ ہمارے ساتھ سخت ظلم اور ناانصافی ہے اگر آبادی بڑھنے کی وجہ ہے تو ہمارے ساتھ والے ضلع قلعہ عبداللہ میں چار لاکھ آبادی سے اُوپر پر مشتمل حلقہ بھی موجود ہے میری اپیل ہے کہ ضلع پشین کی حلقہ بندی مندرجہ ذیل طریقے سے کی جائے۔

1۔ پی بی 19 پشین 1: آبادی 241886

1۔ برشور سب تحصیل 2۔ کاریزات تحصیل

3۔ بوستان تحصیل 4۔ ناناصاحب تحصیل

2۔ پی بی 20 پشین 2: آبادی 306177

1۔ تحصیل پشین

3۔ پی بی 21 پشین 3: آبادی 188418

1۔ تحصیل حرم زئی 2۔ تحصیل سرانان

العارض

سید جمال عبدالناصر ولد سید خسال الدین

شناختی کارڈ نمبر: 54303-9431783-9

سکنہ: مسجد ابراہیم زئی ڈاکخانہ پشین بند کربالا، تحصیل و ضلع پشین

موجودہ پتہ: مکان نمبر 195-A، سٹریٹ 7، راول ٹاؤن اسلام آباد

موبائل نمبر: 0311-1553399